پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001

فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

10 اکتوبر 2019

# ریزروبینک آف انڈیا نے ''ٹویوٹا فائینینشیل سروسز انڈیا لمیٹیڈ'' پر مالیاتی جرمانہ عائد کیا

ریزروبینک نے اپنے 9 اکتوبر، 2019 کے آرڈر کے ذریعہ ''میسرز ٹویوٹا فائینینشیل سروسز انڈیا لمیٹیڈ'' (کمپنی) پر پانچ لاکھ روپیہ کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ آر بی آئی نے اس کمپنی پر یہ جرمانہ آر بی آئی ایکٹ 1934 کے سیکشن 58G کے ذیلی سیکشن (I) کی کلاز (b) کے پراویزن جس کو سیکشن 58B کے ذیلی سیکشن (5) کی کلاز (aa) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ''این بی ایف سی میں دھوکہ دھڑی پر نظر'' پر ریزروبینک کی ہدایات پر عدم تعمیل کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

یہ کارروائی ریگولیٹری تعمیلات میں خامیوں کی بنیاد پر کی گئی ہے اس کا مقصد کمپنی اور اس کے صارفین کے درمیان کسی ٹرانزیکشن سے متعلق سمجھوتہ پر انگلی اٹھانا نہیں ہے۔

پس منظر:

آر بی آئی ایکٹ کے سیکشن 45N کے تحت اس کمپنی کا معائنہ کیا گیا تھا جولائی، اگست 2018 میں، معائنہ کے درمیان یہ مشاہدہ کیا گیا کہ کمپنی آر بی آئی کی رہدایات پر عمل کرنے سے قاصر رہی ''این بی ایف سی زمیں دھوکہ دھڑی کی مانیٹرنگ'' پر جانچ کی گئی تھی۔ اس کمپنی کو ایک نوٹس جاری کر کے پوچھا گیا تھا کہ مندرجہ بالا ریزروبینک کی ہدایتوں پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے کیوں نا اس پر جرمانہ عائد کر دیا جائے۔ کمپنی کے جواب اور ذاتی سماعت پر اس کے ذریعہ کی گئی وضاحت و معاملہ کی حقیقت پر غور کرنے کے بعد ریزروبینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ انسپکشن کے دوران پائی گئیں خلاف ورزیاں صحیح ہیں اور کمپنی پر پانچ لاکھ روپیہ کا مالیاتی جرمانہ عائد کر دیا گیا۔

یوگیش دیال

چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 910/2019-2020